17-07-2026

Time:12:30 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں اعجازہ اختر

پی ایم دورہ

وزیراعظم نریندر مودی آج ہریانہ ، چندی گڑھ اور پنجاب کا دورہ کے دوران ملک کی پہلی ہائیڈروجن ریل سروس کا آغاز کررہے ہیں۔

بھارت اب ہائیڈروجن سے چلنے والی ریل خدمات متعارف کرانے والے ممالک جاپان، چین، جرمنی اور امریکہ کی صف میں شامل ہوجائے گا۔

وزیراعظم جند کے اکلاویہ سٹیڈیم میں ایک عوامی ریلی سے خطاب کرنے کے علاوہ 14ہزار700کروڑ روپے مالیت کے ترقیاتی پروجیکٹونکا افتتاح اورسنگ بنیاد رکھیں گے۔

NEET

NTA امتحانات سے متعلق قومی ایجنسی نے نیٹ انڈرگریجویٹ2026کے نتائج کا اعلان کیا ہے۔ اس امتحان میں شامل ہوئے قریب 20لاکھ طالب علموں میں سے 11لاکھ 21ہزار طالب علموں کو طبی، ڈینٹل، آیوش اور دیگر منسلک پروگراموں میں داخلہ کیلئے کامیاب قرار دیاگیاہے۔

نیٹ کیلئے اس امتحان میں 138طالب علموننے690سے بھی زیادہ نمبرات حاصل کئے ہیں۔ ان میں جموں کشمیر کے دو طالب علم بھی شامل ہینجن کے نام ہادیہ نثار اور زیدان وانی بتائے گئے ہیں۔

قومی سط پر یہ امتحان ٹاپ کرنے والے طالب علم پنجاب کے آریان گپتااور ہریانہ کے پنشل بنسل ہیں۔دونوں طالب علموں نے715نمبرات حاصل کے ہیں۔

سکالر شپ

تکنیکی تعلیم کے کُل ہند کونسل نے جموں کشمیر کے طالب علموں کیلئے تعلیمی سیشن2026-27کے لئے خصوصی سکالر شپ سکیم کے تحت رجسٹریشن اور کونسلنگ کاعمل شروع کیا ہے۔

AICTE اس مقصد کیلئے جموں کشمیر کے محکمہ اعلیٰ تعلیم نے کو پورے خطے مینمتعلقہ طالب علموں کے کاغذات کی جانچ پڑتال کیلئے سہولیاتی مراکز قائم کرنے کی ہدایت دی ہے ۔

کونسل کے ایک نوٹیفکیشن کے مطابق رجسٹریشن اور کونسلنگ کے لئے آن لائن پورٹل کل یعنی 16جولائی سے ہی فعال ہوگیاہے۔

یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا احسن طریقے پر جاری ہے اور اب تک لگ بھگ ساڑھے 3 لاکھ یاتریوں نے پوتر گپھا کے درشن کئے ہیں۔

آج دوپہر 12بجے تک مزید 10ہزار169 یاتریوں نے پوتر گپھا میں حاضری دی ہے۔

دریں اثناءآج 4ہزار649یاتریوں پر مشتمل16واں جتھہ وادی پہنچ گیا ۔

حج

حج 2027کیلئے درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ میں اب محض چند ہی دن باقی رہ گئے ہیں۔

اطلاعات کے مطابق ابھی تک جموں وکشمیر حج کمیٹی کو صرف 2ہزار 7سو درخواستیں موصول ہوئی ہیں جبکہ اس سال حج کمیٹی کے پاس لگ بھگ 8ہزار حج سیٹوں کا کوٹہ موجودہے۔

اس تعلق سے جموں وکشمیر حج کمیٹی کے ایگزیکٹیو آفیسرڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے آکاش وانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے کہا۔

-----Dr Shujat----

بک فیسٹول

سرینگر میں کل یعنی 18جولائی سے شروع ہونے والے بڑے کتاب میلے کے سلسلے میں تمام تیاریاں مکمل ہیں۔ چنار بک فیسٹیول کا یہ تیسرا شمارہ26جولائی تک جاری رہے گا، جس میں مختلف موضوعات کا احاطہ کرنے والی کتابوں کا ضخیم خزانہ فروخت کیلئے دستیاب رہتا ہے۔

اس فیسٹول میں ملک بھر سے پبلشرز اپنی خدمات دستیاب رکھتے ہیں۔سرینگر کے ضلع ترقیاتی کمشنراکشے لابرو نے اس سلسلے میں کل جھیل ڈل میں ایک شکاراریلی کو جھنڈی دکھاکر روانہ کیا۔

بارہمولہ ڈی سی

ڈپٹی کمشنر بارہمولہ سید فخر الدین حمید نے کل بارہمولہ کے کانسپورہ میں زیر تعمیر نیشنل ہائی وے ڈرینیج کی تعمیر کے علاوہ کانسپورہ ۔بارہمولہ بائی پاس پیکیج۔3پر ہورہے کام کا جائزہ لیا۔

ڈپٹی کمشنر نے ہدایت دی کہ دونوں پروجیکٹوں پر کام کی رفتار کو تیز کیا جائے تاکہ علاقے میںٹریفک کی بلاخلل آواجائی کو ممکن بنایا جاسکے۔

ڈی سی کولگام

ڈپٹی کمشنر کولگام شہزاد عالم نے کل ضلع کے مختلف زیر تعمیر واٹر سپلائی سکیموں پر ہورہے کام کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے کھڈونی ، چڈر، ماترم اور پاری ون سہ پورہ واتر سپلائی سکیموں جو کہ جل جیون مشن کے تحت تعمیر کی جارہی ہیں، کا معائینہ کیا۔

انہوں نے ہدایت دی کہ تمام زیر تعمیر واٹر سپلائی سکیموں کو اپنے مقررہ وقت پر مکمل کیا جائے تاکہ لوگوں کو پینے کا صاف پانی مہیا کیا جاسکے۔

مارکیٹ چیکنگ

ڈرگس اینڈ فوڈ کنٹرول آرگنائزیشن نے کل وادی کے مختلف اضلاع مینبازاروں کا معائینہ کرکے کھانے پینے کی چیزوں کے معیار کاجائزہ لیا۔

اس موقعہ پر مختلف دکانوں سے کئی اشیاءسے نمونے حاصل کرکے ان کو جانچ کیلئے لیبارٹریوں میں بھیج دیاہے۔

معائینہ کے دوران فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزیوں کے مرتکب کئی دکانداروں پر جرمانہ بھی عائد کیاگیاہے۔

بانڈی پورہ

بانڈی پورہ میں کھیلے جارہے ’بریک دِی چین‘ فٹ بال ٹورنامنٹ میں ضلع انتظامیہ بانڈی پورہ نے لیجنڈس ایف سی بانڈی پورہ کو ایک گول سے شکست دی۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ